# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 20 اکتوبر، 2017ء

آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں ایڈیشنل سیکرٹری (ٹریننگ ) ظفر اقبال نے چاروں صوبوں سے تعلق رکھنے والے الیکشن کمیشن کے 29 ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز کو لیگل فریم ورک کی ٹریننگ مکمل ہونے پر سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ EMC کا یہ ساتواں گروپ ہے جس میں الیکشن کمیشن کے افسران نے لیگل فریم ورک جینڈر ، الیکشن قوانین ،نئے قانون( الیکشن ایکٹ 2017) اور کمپیوٹرائزڈ ووٹر لسٹ سمیت مختلف اہم موضوعات پر جامع ٹریننگ مکمل کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆